سوال

(100) بوقت زکر ولادت قیام وہاتھ باندھنا کیسا ہے وہمپناں مولود وغزلیات کا کیا حکم ہے ۔ ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

بوقت زکر ولادت قیام وہاتھ باندھنا کیسا ہے وہمپناں مولود وغزلیات کا کیا حکم ہے ۔ ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

قیام وہاتھ باندھنا بوقت زکر ولادت بدعت وناجائز ہے ۔ کسی دلیل شرعی سے اس کا ثبوت نہیں ہے ۔ اگر یہ قیام وہاتھ باندھنا اس عقیدہ و نیت سے ہے ۔ کہ رسول اللہ ﷺ بوقت زکر ولادت تشریف لاتے ہیں ۔ اور حاضر مجلس میلاد ہوتے ہیں تو یہ شرک ہے ۔ اور مولود و غزلیات جو آجکل چھپ کر شایع ہیں ۔ وہ ناجائز مضامین اور روایت موضوعات و مفتریات سے مملوہیں ان کا پڑھنا اور سننا بلاشبہ ممنوع وناجائز ہے ۔ (حررہ محمد عبد الحق ملتانی ۔ سید محمد نزیر حسین ۔ فتاوی نزیریہ جلد 1 ص 221)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 11 ص 365

محدث فتویٰ